عالم اسلام پر مغربی قزاقوں کی دہشت گردی

معروف عالم دین اور جامعہ عثمان بن عفانؓ رحیم یار خان کے شیخ الحدیث حضرت مولانا بشیر احمد حامد حصاروی نے عالم اسلام کے خلاف مغربی حکمرانوں کی سیاسی، عسکری، معاشی اور ثقافتی یلغار پر قلم اٹھایا ہے اور معروضی حالات کے ساتھ ساتھ جناب نبی اکرم ﷺ کے متعدد ارشادات کے حوالے سے مغربی استعمار کے ظلم و جبر اور وحشت و بربریت کو آشکار کرنے کے علاوہ مسلمانوں کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔

۱۰۰ صفحات پر مشتمل اس کتابچہ پر قیمت درج نہیں ہے اور اسے حامد اکیڈمی، میاں ٹاؤن، رحیم یار خان سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

بین الاقوامی شخصیات کی کہانی

بادشاہی مسجد لاہور کے سابق خطیب مولانا سید عبد القادر آزاد کو اس حیثیت سے دنیا کے مختلف ممالک کے دوروں اور بین الاقوامی شخصیات سے ملاقاتوں کا موقع ملتا رہا ہے۔ انہوں نے ان ملاقاتوں کے حوالے سے اپنی یادداشتیں اور تاثرات بیان کیے ہیں جنہیں معروف صحافی وقار ملک صاحب نے قلم بند کیا ہے اور الفیصل ناشران و تاجران کتب اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے۔ پچاس سے زائد جن شخصیات کی ملاقاتوں اور ان کے بارے میں تاثرات کا اس کتاب میں تذکرہ کیا گیا ہے، ان میں شاہ فیصل شہید، کرنل قذافی، حسنی مبارک، پوپ جان پال دوم، ملکہ ایلزبتھ، جارج بش، ایلکسی کوسیجن، جمی کارٹر، مسز بندرانائیکے، لیڈی ڈیانا اور گورباچوف بھی شامل ہیں۔

ساڑھے چار سے زائد صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت ساڑھے تین سو روپے ہے۔

ابوعبیدہؓ ٹرسٹ کے رسائل

حاجی محمد اقبال خان صاحب ایک عرصہ تک متحدہ عرب امارات کی ریاست عجمان میں مقیم رہے ہیں اور مختلف دینی شخصیات کی کتابیں شائع کر کے تقسیم کرنے ان کا محبوب مشغلہ رہا ہے۔ اب کچھ عرصہ سے گوجرانوالہ میں مقیم ہیں اور ابوعبیدہؓ ٹرسٹ قائم کر کے اپنے اس مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس وقت ان کے شائع کردہ چار رسالے ہمارے سامنے ہیں:

گناہ بے لذت	از مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ
آئینہ محمدی	از شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر
چراغ کی روشنی	از شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر
تبلیغ اسلام	از شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر